سوال

(107) بھول کرچھوڑی گئی نماز کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ظہر کی نماز ادا کرنے کے بعد مجھے یاد آیا کہ میں نے صرف تین رکعتیں پڑھی ہیں، کیا چوتھی رکعت پڑھ کر سجدہ سہو کروں یا دوبارہ پوری نماز پڑھنا ہوگی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز پڑھنے والے نے، اگر نماز میں سے ایک رکعت یا اس سے زیادہ ترک کر دی، پھر اسے یاد آیا کہ اس سے نماز چھوٹ گئی ہے تو اگر نمازی ابھی مصلیٰ پر ہی ہے یا مسجد میں ہی موجود ہے اور وقت بھی چار پانچ منٹ سے زیادہ نہیں گزرا، تو اس صورت میں وہ نماز مکمل کر کے سجدہ سہو کرے اور اگر اسے تقریبا نصف گھنٹہ بعد یا مسجد سے باہر نکل کر یاد آیا تو اس صورت میں نماز دوبارہ پڑھے رکعات کے درمیان عدم تسلسل کی وجہ سے پہلی نماز کالعدم ہوگی۔۔۔۔ شیخ ابن جبرین۔۔۔

ھٰذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ برائے خواتین

نماز، صفحہ: 122

محدث فتویٰ